BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

# سٹی آف برامپٹن کا برامیلیہ سوک سنٹر، اونٹاریو کے جدید ترین میڈیکل سکول، TMU سکول آف میڈیسن کا مسکن ہو گا

برامپٹن، آن (27 جنوری 2023) – آج، سٹی آف برامپٹن، گورنمنٹ آف اونٹاریو اور ٹورانٹو میٹروپولیٹن یونیورسٹی (TMU) نے اعلان کیا ہے کہ سٹی کا برامیلیہ سوک سنٹر برامپٹن میں 150 سنٹرل پارک ڈرائیو پر ٹورنٹو میٹروپولیٹن یونیورسٹی سکول آف میڈیسن کا گھر ہو گا۔

سوک سنٹر، سٹی کے ہیلتھ اینڈ لائف سائنسز کلسٹر کے اندر ایک انتہائی اہم مقام پر واقع ہے اور اسے برامپٹن سوک اور پیل میموریل ہسپتالوں سے قریب ہونے کے علاوہ میونسپل ٹرانسپورٹیشن، GO ٹرانزٹ اور ہائی وے سسٹمز سے آسان رسائی کے مقام پر واقع ہونے کی وجہ سے منتخب کیا گیا تھا۔ یہ جگہ ایک سکول آف میڈیسن بنانے کے لیے دستیاب موزوں جگہ ہونے کی شرائط پر بھی پوری اترتی ہے، جس کے لیے کلاس رومز، دفاتر، تحقیقی سہولیات اور ایک مربوط صحت کلینک بنانے کے لیے 250,000 مربع فٹ کی ضرورت ہو گی۔ سٹی آف برامپٹن سکول آف میڈیسن کے پروگرامنگ اور آپریشنز کے لیے درکار عمارت کی تزئین و آرائش میں مدد دینے کے لیے 20M$ کی خطیر رقم فراہم کرے گا۔

TMU سکول آف میڈیسن کو GTA میں پچھلے سو سال کے دوران پہلے نئے میڈیکل سکول کی حیثیت حاصل ہو گی جو برامپٹن کو کمیونٹی کی ضروریات پر مشتمل ایک بہترین میڈیکل سکول کا گھر ثابت گا جس میں سب کی شمولیت، اختراعات اور بنیادی دیکھ بھال پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔

برامپٹن میں ایک شاندار میڈیکل سکول کا قیام اس ضمن میں سٹی کی جانب سے مسلسل اور جاری کاوشوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ 2021 میں، برامپٹن سٹی کونسل نے شہر میں مستقبل کے سکول آف میڈیسن کی فنڈنگ میں مدد کے لیے 1$ ملین پلاننگ گرانٹ کے حق میں ووٹ دیا تھا، جو اس سال کے اوائل میں صوبہ اونٹاریو کی جانب سے خرچ کردہ فنڈز سے مماثل ہے۔ مارچ 2022 میں، اونٹاریو کی حکومت نے اعلان کیا تھا کہ وہ صحت کی دیکھ بھال کے ایک مضبوط اور زیادہ لچکدار نظام کی تعمیر کے لیے میڈیکل سکول کی تعلیم کو وسعت دے رہی ہے، جس میں ریئرسن یونیورسٹی سکول آف میڈیسن شامل ہے، جب یہ برامپٹن میں 2025 میں کھلے گا، تو اس میں ہمارے طلباء کے لیے 80 انڈرگریجویٹ سیٹیں اور 95 پوسٹ گریجویٹ سیٹیں دستیاب ہوں گی۔

برامپٹن میں سکول آف میڈیسن کے قیام کا مشترکہ نظریہ یونیورسٹی اور سٹی آف برامپٹن کے مابین موجودہ شراکت داری پر مبنی ہے، بشمول سائبرسیکیوُر کیٹیالسٹ اور برامپٹن وینچرز زون کے۔

سکول آف میڈیسن کے بارے میں مزید جاننے کے لیے https://www.torontomu.ca/school-of-medicine/ پر جائیں

**فیئر ڈِیل فار برامپٹن**

22 جنوری 2020 کو، سٹی آف برامپٹن نے ہیلتھ کیئر ایمرجنسی کا اعلان کیا اور اپنی اعانتی مہم، "فیئر ڈیل فار برامپٹن" کا آغاز کیا – جس میں برامپٹن کے ہیلتھ کیئر کے فرق کو پُر کرنے کے لیے صوبے سے اضافی فنڈنگ کی درخواست کی گئی تھی۔ یہ اعلان اور پیل میموریل کی توسیع برامپٹن میں ہیلتھ کیئر ایمرجنسی سے نمٹنے میں مدد فراہم کرے گی اور اس بات کو یقینی بنائے گی کہ ہیلتھ کیئر پریکٹیشنرز کی اگلی نسل کو شہر میں مقامی طور پر تربیت دی جائے سکے۔

**اقتباسات**

"اس اعلان کے ساتھ کہ سوک سنٹر GTA میں پچھلے سو سال میں پہلی مرتبہ ایک میڈیکل سکول کا گھر ہو گا، آج کا دن برامپٹن کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے! برامپٹن سکول آف میڈیسن کی تخلیق کے ذریعے، ہم صحت کی دیکھ بھال کا ایک ایسا نظام بنا رہے ہیں جو طب

کے شعبے سے تعلق رکھنے والے مقامی ہنرمندوں کی آبیاری اور طبی شعبے میں معاشی نمو پیدا کرنے کی صلاحیت سے مالا مال ہو گا۔ یہ سکول اور سٹی کا دوسرا ہسپتال جو پیل میموریل میں بنایا جا رہا ہے، برامپٹن میں ہیلتھ کیئر کے شعبے میں ایمرجنسی سے نمٹنے میں مددگار ثابت گا اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ہیلتھ کیئر پریکٹیشنرز کی اگلی نسل اپنے ہی شہر میں مقامی طور پر تربیت حاصل کرنے کے مواقع سے مستفید ہو سکے۔ یہ ہمارے شہر کے لیے ایک اپنے گھر کی مانند ہو گا اور میں خاص طور پر کونسلر سینتوس اور کونسلر سنگھ کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جنہوں نے گذشتہ چار سالوں میں بھرپور مخالفت کے باوجود ہمارے رہائشیوں کے لیے پوسٹ سیکنڈری کے بعد کے اضافی اختیارات کے اس خواب کو پورا کرنے کی کاوشوں کو کبھی ترک نہیں کیا۔"

- *پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"پچھلے سو سال سے زیادہ عرصے میں برامپٹن کو پہلی مرتبہ GTA کے میڈیکل سکول کے لیے منتخب کیا جانا ہماری کمیونٹی کے لیے ہماری ایک بڑی جیت ہے۔ کینیڈا کے سب سے تیزی سے ترقی کرنے والے اور کم عمر ترین شہروں میں سے ایک کے طور پر، اپنے رہائشیوں کے لیے پوسٹ سیکنڈری مواقع کو بڑھانا اور صحت کی دیکھ بھال کے نظام کی تعمیر ہماری کونسل اور اپنے رہائشیوں کے لیے کلیدی ترجیحات ہیں۔ سٹی کے عملے نے ہمارے رہائشیوں کے لیے صحت کی منصفانہ اور مساوی دیکھ بھال کی فراہمی کے لیے کونسل کی ترجیحات پر فعال طور پر کام کیا ہے اور برامپٹن سکول آف میڈیسن کا حصول اس سفر میں ہمارے لیے ایک اہم سنگ میل ہے۔"

- *مارلون کیلیڈین، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

"میں اپنے شراکت داروں، سٹی آف برامپٹن اور ٹورانٹو میٹروپولیٹن یونیورسٹی کو، کئی دہائیوں کے بعد اونٹاریو میں پہلا نیا میڈیکل اسکول بنانے کے اس اس اقدام کی کامیابی پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ چونکہ ہماری حکومت صحت کی دیکھ بھال کے بنیادی ڈھانچے کی تعمیر اور توسیع پر تاریخی سرمایہ لگا رہی ہے، لہٰذا TMU کا نیا سکول آف میڈیسن اس بات کو یقینی بنانے میں ہمیں مدد فراہم کرے گا کہ ہمارے پاس — برامپٹن، پیل ریجن میں اور پورے صوبے میں ڈاکٹر موجود ہوں — تاکہ اونٹاریو کے رہائشیوں کو جب اور جہاں بھی صحت کی معیاری دیکھ بھال کی ضرورت ہو، انہیں وہ با آسانی میسر آ سکتی ہو۔"

- *عزت مآب ڈگ فورڈ، اونٹاریو کے پریمیئر*

"میڈیکل کے شعبے میں پوسٹ سیکنڈری تعلیم کی توسیع کے لیے یہ تاریخی سرمایہ کاری اونٹاریو کے رہائشیوں کے لیے مستقبل کے ڈاکٹروں اور نرسوں کو تربیت دے کر عالمی معیار کی صحت کی دیکھ بھال تک رسائی کو آسان بنائے گی۔ صحت کی دیکھ بھال کرنے والے مزید پیشہ وارانہ افراد تک غیر معمولی تعلیم اور تربیت کے مواقع تک رسائی کو یقینی بنانے سے، ہمیں صوبے کے ہر کونے میں موجود ڈاکٹروں اور صحت کی دیکھ بھال کرنے والے دیگر پیشہ وارانہ ماہرین کے لیے ان مواقع تک رسائی میں اضافہ کرنے میں مدد ملے گی۔"

- *سلویا جونز، ڈپٹی پریمیئر اور وزیر صحت،* حکومت *اونٹاریو*

"ہم برامپٹن اور پیل ریجن میں رہائش پذیر کمیونٹی کی صحت کی مختلف ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ایک سکول آف میڈیسن کے قیام کے لیے ہمیشہ سے پُرعزم رہے ہیں اور آج ایسی ہی ایک جگہ کے حصول سے، ہم اپنے مقصد سے ایک قدم اور قریب پہنچ چکے ہیں۔ میں اپنے شراکت داروں، سٹی آف برامپٹن اور صوبہ اونٹاریو کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں، جن کی سرمایہ کاری ہمارے علاقے اور صوبے میں طبی تعلیم کے روشن مستقبل کے حوالے سے ہمارے مشترکہ وژن کو عملی جامہ پہنانے میں ہماری مدد کرے گی۔"

- *محمد لچیمی، پریزیڈینٹ اور وائس چانسلر، ٹورانٹو میٹروپولیٹن یونیورسٹی*

-30-

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca